سینٹرل ایشیا: تاریخ، سیاست اور کلچر (مجموعۂ مقالات بزبان انگریزی)

مُرتبین: ریاض الاسلام، قاضی عبدالقادر اور جاوید حسین
ناشر: انسٹی ٹیوٹ آف سینٹرل اینڈ ویسٹ ایشین اسٹڈیز، یونیورسٹی آف کراچی
ضخامت: ۳۸۳ صفحات   سنہ اشاعت: ۱۹۹۹ء
مُبصّر: نجم الاسلام

سینٹرل ایشیا کے موضوع پر کراچی میں ۱۹۹۳ء میں ایک بین الاقوامی سیمنار منعقد ہوا تھا۔ یہ اس میں پیش کیے ہوئے ۳۲ انگریزی مقالات کا مجموعہ ہے۔ اس مجموعے کو مرحوم حکیم محمّد سعید کی خوشگوار یادوں سے منتسب کیا گیا ہے جو اس وقت صوبۂ سندھ کے گورنر تھے اور جنھوں نے اس بین الاقوامی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کی صدارت فرمائی تھی۔ کتاب کے مقالات تین حصّوں پر منقسم ہیں۔ تاریخ کے حصے میں نو مقالات شامل ہیں، جب کہ سیاست اور کلچر کے حصّوں میں بالترتیب گیارہ اور بارہ مقالے ہیں۔ آج کے دور میں اہل پاکستان کے لیے سینٹرل ایشیا سے متعلّق مطالعات کی اہمیت پہلے سے بھی زیادہ ہوگئی ہے، اور وقت کا تقاضا ہے کہ فضلاء اس اہم موضوع کی طرف پوری ذہنی توانائیوں کے ساتھ متوجّہ ہوں۔ اس اہم ضرورت کو سیمنار کے منتظمین نے ایک بین الاقوامی سیمنار منعقد کر کے اور ناشر ادارے نے سلیقے اور حسنِ ترتیب کے ساتھ مقالات کو کتابی شکل میں شائع کر کے عمدہ طور پر پورا کیا ہے۔

شعلۂ طور۔ طباعت اوّلین و مابعد۔ ایک تجزیاتی مطالعہ

مُصنّف: ڈاکٹر احمر رفاعی
ناشر: انجم پرویز عارفی الرّفاعی، کراچی
ضخامت: ۳۹۳ صفحات
سنہ اشاعت: ۲۰۰۰ء
مُبصّر: نجم الاسلام

ڈاکٹر احمر رفاعی، جگر کے احوال و آثار کی تحقیق پر ایک متخصّص کا درجہ رکھتے ہیں۔ اور اِس حیثیت سے ان کا نام اور کام بخوبی معلوم اور مشہور ہے۔ اس زیرِ تبصرہ کتاب کی شکل میں انھوں نے جگر کے مجموعۂ کلام شعلۂ طور کی اوّلین طباعت کی بازیافت کی ہے، جس کو خود